# (۳)

| | | |
|---|---|---|
| کتاب | : | منہاج العقائد (تصوف عقائد کی روشنی میں) |
| مصنف | : | آفتاب کریمی |
| صفحات | : | 326 |
| قیمت | : | درج نہیں |
| ناشر | : | 424۔پی۔آئی۔بی کالونی کراچی |

منہاج العقائد میں شریعت اور طریقت پر گفتگو کرنے کے بعد مصنف نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ شریعت اور طریقت ایک ہی راستے کے دو نام ہیں، مگر صوفیاء کے ایک طبقے نے طریقت کو شریعت سے آزاد کر کے ایسے ایسے الفاظ زبان سے ادا کئے ہیں جو کتاب وسنت کے صریح مخالف ہیں، یہاں تک کہ اُن کی کوئی تاویل یا توجیہہ بھی نہیں ہوسکتی۔ مصنف کے نزدیک کتاب وسنت سے متصادم قول یا فعل کسی کا بھی ہو وہ باطل ہے بلکہ اُس کی تردید ضروری ہے۔ خاص طور پر کچھ کتابیں ایسی ہیں جو مسلمان صوفیاء نے لکھی ہیں، معروف ہیں، شائع ہورہی ہیں اور اُن میں کفریہ کلمات درج ہیں۔ ایسی کتابیں گمراہی اور ضلالت پھیلانے کا ذریعہ ہیں۔ مصنف نے ایسی کتابوں کی ایک فہرست دی ہے اور کچھ کے اقتباسات بھی دیئے ہیں جو غلیظ کفریہ کلمات پر مشتمل ہیں۔ ایسے کفریہ کلمات کو یہاں نقل کرنے سے بھی طبیعت ابا کرتی ہے کیونکہ اُن میں قرآن، خانہ کعبہ، اللہ تبارک وتعالیٰ اور محمد رسول اللہ ﷺ کے متعلق انتہائی گھٹیا، جھوٹی اور ہتک آمیز باتیں درج ہیں۔ مصنف واضح طور پر اس بات کا قائل ہے کہ شریعت کی پابندی سے کوئی ولی کیسا ہی عظیم ہو سبکدوش نہیں ہوسکتا۔ اس عقیدے کے حق میں قرآن وسنت سے مضبوط اور قوی دلائل دیئے گئے ہیں۔

اگرچہ بعض متنازعہ فیہم باتیں بھی کتاب میں آگئی ہیں تاہم مجموعی طور پر مصنف کی یہ کوشش قابل قدر ہے اور شریعت اور طریقت کو الگ الگ سمجھنے والوں کے لئے راہ راست کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔

کتاب میں مصنف نے ایک جگہ علم جفر اور علم الاعداد پر بڑی معلومات افزا باتیں لکھی ہیں۔ مصنف نے لکھا ہے کہ اُسے متعدد بار خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی ہے، ایک دو خوابوں کی تفصیل بھی دی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com